nystateofhealth
The Official Health Plan Marketplace



# Essential Plan
## سے متعلق حقائق نامے

## Essential Plan کیا ہے؟

نیو یارک کے ان باشندوں کے لیے جو اہل قرار پاتے ہیں، پریمیم کے بغیر ایک صحت منصوبہ۔ اور یہ وہی لازمی فوائد پیش کرتا ہے۔

**اچھی خبر!**

یہ ESSENTIAL PLAN وسیع ہو رہا ہے تاکہ نیو یارک کے مزید باشندوں کو شامل کیا جا سکے۔

اپریل 2024 سے مؤثر

## کون اہل ہے؟

کم آمدنی کے حامل ایسے افراد جو **Medicaid** یا **Child Health Plus** کے لیے اہل نہیں ہیں۔ اپریل **2024** سے شروع ہونے والے، **Essential Plan** کی اہلیت کے اصول وسیع ہو رہے ہیں اور نیو یارک کے پہلے سے کہیں زیادہ باشندے اہل ہو جائیں گے۔

| زیادہ سے زیادہ آپ کر سکتے ہیں | گھرانے کا سائز |
|---|---|
| $37,650 | 1 |
| $51,100 | 2 |
| $64,550 | 3 |
| $78,000 | 4 |

## اس پر کتنی لاگت آتی ہے؟

اہل قرار پانے والوں کے لیے ماہانہ پریمیئم **$0** ہے۔

## اس سے اور کس طرح میری رقم کی بچت ہوتی ہے؟

اس میں کوئی قابل کٹوتی رقم نہیں ہے، لہذا یہ منصوبہ اسی وقت سے آپ کی نگہداشت صحت کے لیے ادائیگی کرنا شروع کر دیتا ہے۔

دانتوں اور بینائی سے متعلق مراعات خرچ میں حصہ داری کے بغیر شامل ہیں۔

آپ کو مفت تدارکی نگہداشت جیسے معمول کے ڈاکٹر کے معائنے اور آپ کو صحتمند رکھنے کے لیے اسکریننگز موصول ہوتی ہیں۔

## Essential Plan کس چیز کا احاطہ کرتا ہے؟

وہی خدمات جو دوسرے منصوبوں کے ذریعہ محیط ہیں:

- ڈاکٹر سے ملاقاتیں، بشمول ماہرین خصوصی
- آپ کے ڈاکٹر کے آرڈر کردہ جانچیں
- نسخے کی دوائیں
- ہسپتال میں ان پیشنٹ اور آؤٹ پیشنٹ نگہداشت
- وغیرہ

## میں کس طرح اندراج کراؤں؟

**nystateofhealth.ny.gov**

یا

**1-855-355-5777** یا
**TTY: 1-800-662-1220**

یا

آپ کے گھر یا دفتر کے قریب مصدقہ معاون سے مفت شخصی مدد کے ذریعے۔

## کیا آپ میری اپنی زبان میں میری مدد کر سکتے ہیں؟

آپ کی زبان میں اعانت بذریعہ فون اور شخصی طور پر دستیاب ہے۔

## میں کب اندراج کرا سکتا ہوں؟

**Essential Plan** کے لیے اندراج پورے سال کھلا ہے۔

**NY State of Health** قابل اطلاق وفاقی دیوانی حقوق کے قوانین اور ریاستی قوانین کی تعمیل کرتا ہے اور نسل، رنگ، قومی بنیاد، مسلک/مذہب، جنس، عمر، ازدواجی/فیملی کی حیثیت، گرفتاری کے ریکارڈ، مجرمانہ سزا یابی (یابیوں)، صنفی شناخت، جنسی رجحان، سابق جینیاتی صفات، فوجی حیثیت، گھریلو تشدد کے متاثرین کی حیثیت اور/یا انتقامی کارروائی کی بنیاد پر امتیاز نہیں کرتا ہے۔